شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید صاحب
مولانا سمیع الحق ۔ مدیر ماہنامہ الحق

تعارف و تبصرہ کتب

علماء احناف کے حیرت انگیز واقعات (جلد دوم) (امام ابو یوسف، امام محمد)

تالیف ۔ مولانا عبدالقیوم حقانی ۔ صفحات ۲۷۲۔ قیمت ۵۱ روپے ۔ تقطیع متوسط، کاغذ عمدہ، کتابت و طباعت معیاری ۔ ٹائیٹل خوشرنگ، مضبوط اور گولڈن جلد بندی ۔ ناشر ۔ مؤتمر دارالمصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، پشاور۔

ادارہ مؤتمر المصنفین، دارالعلوم حقانیہ کا شعبہ تصنیف و تالیف ہے جس کے صدر دارالعلوم کے مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب ہیں ۔ ان کی سرپرستی و رہنمائی میں ادارے کے معزز ارکان اور رفقاء نے وسائل کی قلت کے باوجود بحمد اللہ قلیل مدت میں مطبوعات کی تعداد ۳۱ تک پہنچا دی ہے ۔ جن میں بعض وقیع اور اہم کتابوں کے کئی کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں ۔ اور اب مؤتمر المصنفین ملک و بیرون ملک ریسرچ و تحقیق اور تصنیف و تالیف کے معیاری اداروں میں شمار ہوتا ہے ۔ پیش نظر کتاب "علماء احناف کے حیرت انگیز واقعات جلد دوم" بھی مؤتمر المصنفین کی تازہ عظیم علمی اور تاریخی پیش کش ہے ۔ جسے ادارہ کے رفیق اور دارالعلوم کے فاضل و مدرس مولانا عبدالقیوم حقانی نے تالیف کیا ہے جس میں علوم شریعت کے اہم ستونوں اور فقہ حنفیہ کے اولین مدونین امام ابو یوسف اور امام محمد کے حالات و واقعات، سیرت و سوانح، تعلیم و تربیت، خدا پرستی و للہیت، شوق مطالعہ و ذوق عبادت، مجاہدہ و ریاضت، تقویٰ اور عزم و توکل، ایمان و احتساب، جوش جہاد، شوق شہادت، عقائد باطلہ کی بے باکانہ تردید، ظالمانہ اعمال و رسوم کے خلاف اعلانیہ جہاد، جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق کی بلندی، فقہ و قانون کی تدوین، اجتہاد و استنباط کی نادر تحقیقات اسلامی ریاست و سیاست کے خدوخال، عدل و انصاف کے ایمان آفرین نمونے اور بے باک فیصلے، فکر آخرت، جرأت و استقامت، رجال کار کی تربیت، اصلاح اور انقلاب امت کے لئے بلند کردار، انقلاب انگیز واقعات کو سادہ، سلیس آسان، ادبی اور دل نشین پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے ۔ اس سلسلہ تالیف کی جلد اول "امام اعظم ابو حنیفہ کے حیرت انگیز واقعات" پر مشتمل ہے ۔ تاہم نقش ثانی طرز تحریر و تالیف میں ... ہے ۔ اسلام کا عقیدہ سروری و جہانبانی کا عقیدہ ہے ۔ اسلام انسانیت کی قیادت کا ایک نظام